سوال

وضواورطہارت

جواب

نمازمیں ہواکا خارج ہونا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ !سوال ۔ اگر دوران نمازریح کے خارج ہونے کا شک ہوجائے تو مقتدی کیا کرے نماز چھوڑدے یا جاری رکھے وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ !الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!! نمازمیں خروج ریح کے شک پر نمازی نمازکو نہیں توڑے گا بلکہ نمازکو جاری رکھے گا جب تک اس کو یقین نہ ہوجائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی وجہ سے کہ آپ نے فرمایا : ۔ کوئی بھی شخص اپنی نمازکواس وقت تک ترک نہ کرے جب تک آوازنہ سن لے یا بدبو محسوس کرلے ۔ : صحیح بخاری، الْوُضُوءِ (137)، صحیح مسلم، الْحَيْضِ (361)، سنن نسائی، الطَّهَارَةِ (160)، سنن أبوداود، الطَّهَارَةِ (176)، سنن ابن ماجہ، الطَّهَارَةِ وَسُنَنِهَا ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتوی